نسلی مساوات کے فروغ کے بارے میں
موجودہ اور مجوزہ اقدامات

سول انجینئرنگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ

سول انجینئرنگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (CEDD) کا مقصد ہانگ کانگ کی ترقیاتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے معیاری انجینئرنگ کی خدمات فراہم کرنا ہے ۔ جدت اور جدید ٹیکنالوجیز کے ساتھ ، ہم پائیدار ترقی کو آگے بڑھانے ، ایک رہائشی شہر کی تعمیر اور ہانگ کانگ کی طویل مدتی ترقی کے لیے وقف ہیں۔ CEDD عام لوگوں کے نسلی پس منظر سے قطع نظر ان کی خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنانے کو بہت اہمیت دیتا ہے ۔

متعلقہ خدمات	• CEDD کے ذریعے فراہم کردہ خدمات کے چار اہم شعبے ہیں ، جیسے زمین اور بنیادی ڈھانچے کی فراہمی ، بندرگاہ اور سمندری خدمات ، جیو ٹیکنیکل خدمات اور ماحولیاتی اور پائیداری کی خدمات ۔
موجودہ اقدامات	• CEDD اور ہماری خدمات کے بارے میں معلومات ہانگ کانگ کی دو سرکاری زبانوں)یعنی چائینیز اور انگریزی(میں CEDD کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں ۔ اس کے علاوہ معلوماتی اور تعلیمی دستی اشتہار / کتابچے بھی دونوں سرکاری زبانوں میں عام لوگوں میں تقسیم کے لیے شائع ہوتے ہیں۔
	• CEDD کی جنرل انکوائری ہاٹ الئن اور ای میل کے ذریعہ جنرل انکوائری کی خدمات چائینیز اور انگریزی میں فراہم کی جاتی ہیں۔
مستقبل کے کام کا تعین	• مختلف نسل کے لوگوں کی آراء / مشورے ریکارڈ کیے جائیں گے اور ان پر غور کیا جائے گا۔
	• مختلف نسل کے لوگوں کی جانب سے CEDD کی جنرل انکوائری ہاٹ الئن اور ای میل)جیسے بھاسا انڈونیشیا ، نیپالی ، اردو ، پنجابی ، تگالوگ ، تھائی ، ہندی اور ویتنامی(کے استعمال کو مدنظر رکھا جائے گا اور ریکارڈ کیا جائے گا۔ .
مات جو کیے گئے ہیں/ کیے جائیں گے	• CEDD مختلف نسل کے لوگوں کے لیے اہم زبانوں میں ترجمہ کے لیے مناسب دستی اشتہاروں/ کتابچوں کی نشاندہی کرے گا اور انہیں CEDD کی

ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرے گا ۔

- مختلف نسلوں کے لوگوں کے لیے اہم زبانوں میں ضرورت کی بنا پر سول انجینئرنگ اینڈ ڈویلپمنٹ بلڈنگ کے استقبالیہ کاؤنٹرز اور / یا ہانگ کانگ کرسچن سروس کے نسلی اقلیتی مرکز (CHEER) اور / یا دیگر خدمات فراہم کرنے والوں کے ذریعے دیگر نامزد سروس کاؤنٹرز پر CEDD خدمات فراہم کرے گا.

- عوام کو زبان کی خدمت سے آگاہ کرنے کے لیے ، CHEER کی جانب سے مختلف نسلوں یعنی بھاسا انڈونیشیا ، نیپالی ، اردو ، پنجابی ، تگالوگ ، تھائی ، ہندی اور ویتنامی لوگوں کے لیے پیش کردہ مفت ٹیلیفون پر ترجمانی (TELIS) کے فروغ کے لیے پوسٹر / بینر / آئیکنز ، کاؤنٹر اور CEDD کی ویب سائٹ پر دکھائے جائیں گے ۔

- CEDD اپنے مالزمین کی نسلی مساوات کے بارے میں تفہیم اور حساسیت بڑھانے کے لیے تربیت فراہم کرے گا.

نسلی مساوات کے فروغ کے موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیے ، براہ کرم درج ذیل چینلز کے ذریعے ٹیکنیکل سکریٹری / ہیڈ کوارٹر سے رابطہ کریں(

ٹیلی فون نمبر : 2762 5460

فیکس نمبر : 2714 5174

ایمیل : tshq.tsu@cedd.gov.hk

ڈاک کا پتہ : 16/F, Civil Engineering and Development Building, 101 Princess Margaret Road, Homantin, Kowloon

سول انجینئرنگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ

مئی 2026